ضابطۂ عمل
برائے کاروباری شریک

کاروباری دیانت داری اور ہماری مشترکہ اقدار

ورلڈ فیول سروسز ((World Fuel Services ("WFS" میں ہم لوگ شدت کے ساتھ اس بات میں یقین رکھتے ہیں کہ نتائج حاصل کرنے کا ہمارا طریقہ بھی اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ خود نتائج-WFS تمام قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں کی مکمل تعمیل اور ہمہ وقت اخلاقی اصولوں پر کاربند رہنے کے لیے پابند عہد ہے۔ WFS کے ساتھ یا اس کے لیے کام کرتے وقت، ہم اپنے سپلائروں، ٹھیکہ داروں اور ایجنٹوں، نیز کسی بھی ملازمین، ذیلی ٹھیکہ داروں، اور ان کی طرف سے کام کرنے والے ایجنٹوں (مجموعی طور پر، "کاروباری شرکاء") سے اس عہد بستگی کو شیئر کرنے اور ان اصولوں اور اقدار کی پاسداری کی توقع کرتے ہیں۔ جب کبھی ہمیں لگے گا کہ ہمارے کاروباری شرکاء نے ہماری توقعات کو پورا نہیں کیا ہے تو ہم مناسب کارروائیاں کریں گے، جن میں کاروباری رشتے کو منسوخ کرنا شامل ہے۔

انسداد بد عنوانی قوانین

کاروباری شرکاء کو لازماً WFS میں اپنے کام سے متعلق انسداد بد عنوانی قوانین اور ضابطوں کی تعمیل کرنی چاہیے، جن میں امریکی بیرون ملک بد عنوانیوں کا قانون (Foreign Corrupt Practices Act) اور برطانوی انسداد رشوت ستانی قانون (Bribery Act) شامل ہیں مگر یہ انہی تک محدود نہیں ہیں۔ کاروباری شرکاء ہر گز، براہ راست یا بالواسطہ، کسی نا جائز ادائیگی، ہدیہ، وعدہ یا دیگر فوائد کی پیش کش نہیں کریں گے یا اس کی اجازت نہیں دیں گے۔ تمام کاروباری معاملات لازماً شفافیت کے ساتھ انجام دیے جانے چاہئیں اور کسی کاروباری شریک کے بہی کھاتوں میں ان کی درست عکاسی ہونی چاہیے۔

تجارتی قوانین

ہمارے کاروباری شرکاء کو لازماً WFS میں اپنے کام سے متعلق معاشی بندشوں، ممانعتوں اور دیگر تجارتی پابندیوں (مجموعی طور پر، "تجارتی قوانین) کی تعمیل کرنی چاہیے۔ ان تجارتی قوانین میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں مگر فہرست بس انہی تک محدود نہیں ہے: وہ تجارتی بندشیں جنہیں امریکی محکمۂ خزانہ (Department of the Treasury) کے بیرونی اثاثوں پر کنٹرول کے آفس ("OFAC")، بشمول OFAC کی جانب سے خاص طور پر نامزد شہریوں کی فہرست ((Specially Designated Nationals List ("SDN List" ، امریکی محکمۂ ریاست (Department of State)، اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل (United Nations Security Council)، یوروپین یونین (European Union) اور برطانوی محکمۂ خزانہ (Her Majesty's Treasury) نے عائد یا نافذ کیے ہوں۔

اینٹی ٹرسٹ اور مسابقت کے قوانین

تمام قابل اطلاق اینٹی ٹرسٹ اور مسابقت کے قوانین؛ تجارتی طرز عمل کے قوانین؛ احکام وضوابط جو، مثال کے طور پر، اجارہ داریوں، غیر عادلانہ مسابقت، تجارتی رکاوٹوں، اور مسابقت کا مکمل پاس ولحاظ رکھتے ہوئے بازار میں پرزور طریقے سے مسابقت کرنا؛ اور مسابقت کاروں اور گاہکوں کے ساتھ درست تعلقات کو یقینی بنانا WFS کی پالیسی ہے (مجموعی طور پر، "اینٹی ٹرسٹ اور مسابقت کے قوانین")۔ کاروباری شرکاء کے لیے لازمی ہے کہ وہ تمام قابل اطلاق اینٹی ٹرسٹ اور مسابقت کے قوانین کی تعمیل کریں اور ہر گز کسی تھرڈ پارٹی پر ساز باز کے ذریعہ، چیزوں کو مخفی رکھ کر، محدود معلومات کا غلط استعمال کرکے، غیر منصفانہ معاملہ کرکے، یا دیگر کسی بھی ایسے عمل کے ذریعہ برتری حاصل نہیں کرنی چاہیے یا حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے جو غیر منصفانہ طور پر مسابقت کو متاثر کرتی ہو، جیسے قیمتیں مقرر کرنا یا بازار مختص کرنا۔

مفادات کا ٹکراؤ

کاروباری شرکاء کو تمام طرح کے حقیقی یا محسوس ہونے والے مفادات کے ٹکراؤ سے اجتناب کرنا چاہیے، اور تمام کاروباری فیصلے لازماً غیر جانبدارانہ اور ٹھوس کاروباری منطق پر مبنی ہونے چاہئیں۔ کاروباری شرکاء کو کسی بھی ایسی چیز کی پیش کش نہیں کرنی چاہیے، فراہم نہیں کرنی چاہیے، یا مطالبہ نہیں کرنا چاہیے جس سے WFS کے ملازم یا گاہک کے فیصلے یا آزادی کے ساتھ سمجھوتہ ہوتا ہو یا بظاہر سمجھوتہ ہو سکتا ہو۔ کاروباری شرکاء کو WFS کے کسی بھی ایسے ملازم کے ساتھ معاملہ نہیں کرنا چاہیے جن کی بیوی، خانگی پارٹنر، یا خاندان کا دیگر فرد یا رشتہ دار کاروباری شریک کے یہاں ملازم ہو یا وہ ان کے یہاں کسی اہم مالی منفعت رکھتا ہے (سوائے عوامی طور پر ٹریڈ کی جانے والی سیکورٹیز کے)۔

کاروباری شرکاء کو لازماً اس طرح کے کسی بھی ممکنہ یا حقیقی مفاد کے ٹکراؤ کا اظہار اپنے WFS بزنس کانٹیکٹ سے ٹکراؤ کی شناخت ہوتے ہی فوراً کر دینا چاہیے۔

ڈیٹا کی رازداری اور تحفظ

WFS ایسے تمام لوگوں کی رازداری سے متعلق معقول توقعات کی حفاظت کے لیے پابند عہد ہے جو ہمارے کاروباری شرکاء کے ساتھ کام کرتے ہیں، جن میں دیگر کاروباری شرکاء، گاہک، صارفین، اور ملازمین شامل ہیں۔ جب کبھی بھی شخصی معلومات اکٹھا، ذخیرہ، پراسیس، منتقل یا شیئر کی جائیں کاروباری شرکاء کے لیے تمام قابل اطلاق ڈیٹا کی رازداری اور معلومات کے تحفظ کے قوانین، انضباطی تقاضوں اور انڈسٹری کے بہترین طرز عمل پر کاربند رہنا لازمی ہے۔ کاروباری شرکاء کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ WFS کے مالکانہ حقوق کی تمامتر معلومات کی رازداری کی حفاظت کریں اور اسے قائم رکھیں، اس طرح کی معلومات کا اظہار WFS کی تحریری منظوری کے بغیر تھرڈ پارٹیوں سے نہ کریں، اور اس طرح کی معلومات کے غلط استعمال کی روک تھام کریں، جیسے WFS میں حصص کی خرید وفروخت کے ذریعہ، اس کے گاہکوں کو یا اس کے دیگر کاروباری شرکاء کو جن کی بنیاد اہم غیر عوامی معلومات پر ہو۔

صحت، سلامتی اور ماحول

WFS جہاں کہیں کام کرتی ہے وہاں کے لوگوں اور ماحول کی صحت وسلامتی قائم رکھنے کے لیے پابند عہد ہوتی ہے۔ قابل اطلاق صحت، سلامتی، اور ماحولیاتی ضابطوں کی مکمل پابندی کے علاوہ، کاروباری شرکاء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ معاشرے، ماحول اور قدرتی وسائل پر اپنی سرگرمیوں کے منفی اثرات کی سطح کم سے کم کریں جبکہ عوام کی صحت وسلامتی کا تحفظ بھی کرتے رہیں۔

انسانی حقوق

کاروباری شرکاء کو اپنی سرگرمیاں اس انداز میں انجام دینی چاہئیں جو کہ برطانیہ کے جدید غلامی کے قانون (Modern Slavery Act) 2015 اور اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے آفاقی منشور (United Nations Universal Declaration) کے مطابق ہوں، جن میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں مگر یہ انہی تک محدود نہیں ہیں: بندھوا یا بچہ مزدوری سے منع کرنا؛ امتیازی سلوک، ہراسانی، بد سلوکی، یا کام کی جگہ پر انتقامی کارروائی کو برداشت نہ کرنا؛ اور اجرتوں، فوائد اور کام کے ایسے گھنٹوں کا التزام رکھنا جو قابل اطلاق قانونی اصولوں اور ضابطوں پر پورے اترتے ہوں یا اس سے بڑھ کر ہوں۔

تعمیل کی جانچ پڑتال

کاروباری شرکاء قابل اطلاق معاہداتی التزامات، ضابطوں اور انڈسٹری کی مروجہ روایات کے مطابق WFS کو اپنی کاروباری سرگرمیوں، کارپوریٹ اسٹریکچر، مالی حالت اور کارکردگی سے متعلق درست معلومات فراہم کریں گے۔ حسب ضرورت اور معقول نوٹس دے کر، WFS اس ضابطۂ عمل برائے کاروباری شریک (Business Partner Code of Conduct) کی تعمیل کی تصدیق کے لیے جانچ پڑتال (audits) انجام دینے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ تعمیل کے اثبات کے لیے کاروباری شرکاء اصل اور درست ریکارڈز محفوظ رکھیں گے، WFS کو ضروری رسائی اور حسب ضرورت معلومات فراہم کریں گے، اور اس طرح کی جانچ پڑتال کے دوران دریافت کی گئی کسی بھی خامیوں کی اصلاح اور / یا درستگی کے لیے حسن نیت کے ساتھ کام کریں گے۔

تھرڈ پارٹی کے کوئی حقوق نہیں

یہ ضابطۂ عمل برائے کاروباری شریک (Business Partner Code of Conduct) تھرڈ پارٹیوں کو کسی بھی طرح کے حقوق عطا نہیں کرتا ہے۔ اس ضابطۂ عمل برائے کاروباری شریک (Business Partner Code of Conduct) کے کسی بھی کاروباری شریک کے کسی بھی ملازم کو WFS کے خلاف کسی بھی طرح کے حقوق حاصل نہیں ہوں گے، نہ ہی ان ملازمین کوایسے حقوق حاصل ہوں گے جن کی رو سے وہ WFS کو اس ضابطۂ عمل برائے کاروباری شریک (Business Partner Code of Conduct) کے کسی التزام کو نافذ کرنے کے لیے مجبور کر سکیں۔

تعمیل سے متعلق خفیہ ہاٹ لائن

WFS تقاضا کرتی ہے کہ اگرWFS کے کسی ملازم، کاروباری شریک، یا S تقاضا کرتی ہے کہ اگرWFS کے کسی ملازم، کاروباری شریک، یا کسی تھرڈ پارٹی سے جو اس کے لیے کام کر رہی ہو حقیقی یا امکانی نا مناسب یا ناجائز طرز عمل کا صدور ہوتا ہے تو اس کی اطلاع فورا کی جائے۔ اطلاعات WFS انتظامیہ کے کسی فرد، WFS کے شعبۂ قانون (WFS Legal Department) کو، یا WFS کی تعمیل سے متعلق خفیہ ہاٹ لائن کے ذریعہ دی جا سکتی ہیں۔ آپ آن لائن رپورٹ بنا سکتے ہیں اور/یا www.wfscompliance.com پر مقامی ٹول فری نمبر تلاش کر سکتے ہیں۔

© ورلڈ فیول سروسز کارپوریشن2020کاپی رائٹ [World Fuel Services Corporation]

کاروباری شریک کی تعمیل کا تصدیق نامہ

ایک ذمہ دار، منضبط اور عوامی طور پر ٹریڈ کی جانے والی امریکی کمپنی کی حیثیت سے، ورلڈ فیول سروسز کارپوریشن (World Fuel Services Corporation) کی ٹیم، اپنی ذیلی کمپنیوں اور شرکاء کے ساتھ (مجموعی طور پر "WFS") اپنے سپلائروں، ٹھیکہ داروں، خدمت فراہم کنندگان اور دیگر شرکاء (جنہیں ذیل میں "کاروباری شرکاء" کہا گیا ہے) کے ساتھ ضروری احتیاط کے اعلی اصولوں کی تطبیق کو اپنے لیے سرمایۂ افتخار سمجھتی ہے۔ ہم لوگ یہ کام کارپوریٹ تعمیل کے اپنے اعلی معیاروں کو قائم رکھنے، قابل اطلاق مقامی اور بین الاقوامی ضابطوں کی تعمیل کرنے اور اپنی اور اپنے گاہکوں اور کاروباری شرکاء کی نیک نامی کی حفاظت کے لیے کرتے ہیں۔

کسی بھی ایسی دیگر شرائط و ضوابط سے قطع نظر جن کے تحت WFS اور کوئی کاروباری شریک پابند ہو سکتے ہیں، WFS کے ساتھ یا ان کے لیے کام کرتے وقت ہم ہمیشہ اپنے تمام کاروباری شرکاء – نیز کاروباری شریک کے تمام ملازمین، ذیلی ٹھیکہ داران، اور ان کے لیے کام کرنے والے ایجنٹوں– سے توقع کرتے ہیں کہ وہ اخلاقی طرز عمل کے تئیں ہماری اس عہد بستگی کو قائم رکھیں گے۔ ہم نے ان تقاضوں کا خلاصہ اپنے ضابطۂ عمل برائے کاروباری شریک (Business Partner Code of Conduct) میں درج کر دیا ہے۔ برائے مہربانی ذہن نشین کر لیں کہ جب کبھی ہمارے کاروباری شریک تعمیل کی ان توقعات کو پورا نہیں کریں گے تو WFS مناسب کارروائیاں کرے گی، جن میں کاروباری رشتے کو منسوخ کرنا تک شامل ہے۔

WFS ضابطۂ عمل برائے کاروباری شریک (Business Partner Code of Conduct) کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد، برائے مہربانی درج ذیل تصدیق نامہ پر دستخط کر کے اسے فوراً اپنے اصل WFS بزنس کانٹیکٹ کو واپس کر دیں۔

بصد خلوص واحترام،

WFS ورلڈ ایتھکس ٹیم [WFS World Ethics Team]
https://www.wfscorp.com/About-Us/Ethics-and-Compliance

میں بذریعہ ہذا تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میری تنظیم نے ضابطۂ عمل برائے کاروباری شریک (Business Partner Code of Conduct) کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور یہ ان کی مکمل تعمیل کرے گی۔

کاروباری شریک کا نام: ____

نمائندے کا نام: ____

نمائندے کا عنوان: ____

نمائندے کا ای میل: ____

نمائندے کے دستخط: ____